حکومتِ پاکستان

(ریونیوڈویژن)

فیڈرل بورڈآف ریونیو

اسلام آباد،20مئی،2026ء

نوٹیفکیشن

(انکم ٹیکس)

SRO 879(1)/2026۔انکم ٹیکس آرڈیننس،2001 ( 2001کاXLIX ) کی دفعہ 237کی ذیلی دفعہ (1)کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے، فیڈرل بورڈآف ریونیواس امر کی ہدایت دینے پر خوشی محسوس کرتا ہے کہ انکم ٹیکس رولز،2002 میں مزید درج ذیل ترامیم کی جائیں گی، جنہیں مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ 237کی ذیلی دفعہ (3)کے تقاضے کے مطابق پہلے ہی نوٹیفکیشن نمبرایس۔آر۔او۔ 856(I)/2026مؤرخہ 11مئی2026ء کے ذریعے شائع کیا جا چکاہے،یعنی——:

مذکورہ قواعد میں، قاعدہ B 80میں،——

(i)ذیلی قاعدہ(1)میں، شق (a) کی جگہ درج ذیل عبارت متبادل ہو گی،یعنی——:

(a)"CNIC،NICOP، POCیاغیر ملکی پاسپورٹ کانمبر؛"؛اور

(ii)ذیلی قاعدہ(5)کے بعد درج ذیل نیاذیلی قاعدہ شامل کیاجائے گا،یعنی——:

(6)"ذیلی قواعد(3)اور(4)میں درج کسی بھی امر کے باوجود،وہ بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیم (INGO) جسے قاعدہ80کے ذیلی قواعد(3)اور(6)کے تحت رجسٹر ہوناضروری ہو،درج ذیل معلومات فراہم کرے گی——:

(a) ٹیکس دہندہ کانام؛

(b)کاروباری پتہ؛

(c)حسابی مدت؛

(d)کاروبار کافون نمبر؛

(e)بنیادی کاروباری سرگرمی؛

(f) کمپنی کے پرنسپل آفیسر یامجاز نمائندے کانام اور پتہ؛

(g)پاکستان میں رجسٹریشن کے لیے درخواست دینے کے مقصد سے کمپنی کے پرنسپل آفیسر یامجاز نمائندے کی تقرری کامجاز اتھارٹی لیٹر؛

(h) کمپنی کے پرنسپل آفیسر یامجاز نمائندے کاموبائل فون نمبر؛

(i) کمپنی کے پرنسپل آفیسر یامجاز نمائندے کاای میل ایڈریس؛

(j)متعلقہ غیر ملکی ریگولیٹری حکام کی جانب سے جاری کردہ ٹیکس رجسٹریشن یا Incorporation دستاویز؛

(k)متعلقہ سفارت خانے کی جانب سے بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیم INGO کی اسناد کی تصدیق کرنے والا خط؛

(l)مقامی رہائش کا ثبوت (کرایہ/لیز معاہدہ اور بجلی کا بل وغیرہ) مکمل پتے اور ٹیلی فون نمبروں کے ساتھ؛

(m)وزارتِ داخلہ وانسدادِ منشیات کی جانب سے جاری کردہ عدم اعتراض سرٹیفکیٹ (NOC)؛

(n)حکومتِ پاکستان اور بین الاقوامی غیر سرکاری تنظیم INGO کے درمیان دستخط شدہ مفاہمتی یادداشت (MoU)؛ اور

(o) کمپنی کی صورت میں اُن ڈائریکٹرز یا ٹرسٹیز اور اُن بڑے شیئر ہولڈرز کی، جو 10% یا اس سے زیادہ حصص رکھتے ہوں، یا AOP کی صورت میں شراکت داروں کی درج ذیل تفصیلات، یعنی:—

(i)نام؛

(ii)قومیت؛

(iii)پاسپورٹ؛ اور

(iv)حصص کی شرح۔"

[F.No.1(10)R&S/2026]

(محمد امین قریشی)

سیکریٹری (قواعد اینڈ ایس آر اوز)